اداریہ

''متن''کا جلد ۲ کا پہلا شمارہ آپ کے سامنے ہے،جو اس بار بھی اپنے مقررہ وقت پر ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو شائع ہوا ہے۔ ٹیم ''متن''کی کوشش ہے کہ ہر مرتبہ بہتر سے بہتر تحقیقی مقالات کو شامل کیا جائے اور اس میں شامل تحقیقی مقالات کو تحقیقی اشاریاتی ویب گاہوں پر انڈکسڈ کرایا جائے،اسی لیے مسلسل کوششوں سے ہم اس منزل تک پہنچ گئے ہیں کہ ہمارا مجلہ گوگل ایس ای او، گوگل سکالر،اشاریہ اردو جرائد،ڈائرکٹری آف ریسرچ جرنلز انڈکس اور جرنل فیکٹر میں انڈکسڈ ہو چکا ہے۔اس کے علاوہ اہم ویب گاہوں اور اداروں میں بھی اس مقصد کے لیے درخواست دے رکھی ہے،جس میں سکوپس اور ایلویزز شامل ہیں۔اشاریہ سازی کے عمل سے امید ہے کہ مجلہ ''متن''جلد ہی اردو جرائد میں نمایاں مقام کا حامل کا ہوگا،جو مقالہ نگاروں کے لیے بھی سود مند ہوگا۔

شمارہ کے لیے ایچ ای سی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے تمام لوازمات کا خیال رکھا گیا ہے۔شمارے کے لیے قلمی معاونین سے بہ ذریعہ ای میل تمام موصول شدہ مقالہ جات کو بلائنڈ پیئر ریویو کے عمل سے گزار کر اور ایچ ای سی کی پالیسی کے تحت پلیجرازم کی رپورٹ پر قابل اشاعت یا ناقابل اشاعت کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تمام مقالہ جات کو الف بائی ترتیب(بہ لحاظِ مصنفین) سے فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔آئندہ شمارے کے لیے 'کال فار پیپر' کی مخصوص تاریخ کا اعلان مجلہ کی ویب گاہ پر کیا جائے گا جب کہ رجسٹرڈ سکالرز کو اس کی اطلاع بذریعہ ای میل کی جائے گی۔ مقالہ لکھنے، ترتیب دینے اور جمع کرانے کی مکمل ہدایات ویب گاہ پر دے دی گئی ہیں۔ مقالہ بھیجنے سے قبل ان ہدایات کو پڑھ کر اس کے مطابق ای میل کریں اور اس ای میل میں اقرار نامہ لازمی بھیجیں تاکہ اس کے بعد مقالہ کو اشاعتی مراحل سے گزارا جائے۔

مجلہ کی تیاری اور اشاعت کی منزل تک لانے کے لیے جن علمی اور تکنیکی دوستوں کی معاونت شاملِ حال رہی،اُن سب کا شکریہ۔

مدیر